بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيْم

# اس عظمت وبلندی والے رب کی عبادت کریں۔

زخرف بنت ندیم عطاریہ

جامعة المدینہ فیضان ابو ھریرہ



Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL

https://crazyfansofnovel.com/

fb.me/CrazyFansOfNovel

السلام علیکم !!!

ہماری ویب سائٹ پر شائع ہونے والے تمام ناولز اور مواد مصنفہ / مصنف کے نام اور ٹائٹل سے محفوظ ہیں۔

ان تحریر کے رائٹس کریزی فینز آف ناول اور مصنفہ / مصنف کے پاس محفوظ ہیں بغیر اجازت کوئی بھی شخص ان تمام ناولز مواد کی نقل نہیں کر سکتا۔

نقل شدہ مواد پکڑے جانے کی صورت میں متعلقہ فرد، بلاگ یا ویب سائیٹ کو در پیش آنے والے مسائل کا وہ خود ذمہ دار ہو گا۔

**نوٹ:**

ہمیں اپنی ویب سائٹ کریزی فینز اوف ناول کے لئے لکھاریوں کی ضرورت ہے اگر آپ ہماری ویب سائٹ پہ اپنے ناول، افسانے، کالم، آرٹیکل اور شاعری شائع کروانا چاہتے ہیں تو اردو میں ٹائپ کر کے مندرجہ ذیل زریع کو استعمال کرتے ہوئے ہمیں بھیج سکتے ہیں۔




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

انشاءاللہ آپ کی تحریر دو دن کے اندر ویب سائٹ پر شائع کر دی جائے گی۔

تفصیلات کے لیے ان رابطوں کا انتخاب کیجیے۔



## کریزی فینز آف ناول پبلیشرز

Email : crazyfansofnovel@gmail.com

Facebook Page : fb.me/CrazyFansOfNovel

Facebook Group : https://web.facebook.com/groups/292572831468911/

Website Url : https://crazyfansofnovel.com

شکریہ

انتظامیہ کریزی فینز آف ناول!!!!!!


Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

## اس عظمت وبلندی والے رب کی عبادت کریں۔

زخرف بنت ندیم عطاریہ

جامعۃ المدینہ فیضان ابو ھریرہ



ہم سب روزانہ دیکھتے ہیں کہ کتنے ہی لوگ اس ہمارے سامنے اس دنیا میں آتے ہیں اور کتنے ہی لوگ ہمارے سامنے اس دنیا سے چلے جاتے ہیں۔ یہ دنیا اتنی وسیع ہے۔ لاکھوں کروڑوں لوگ اپنے گھروں میں موجود ہیں۔ اتنے ہی لوگ ہسپتالوں میں بیماری کی آزمائش سے بھی گزر رہے ہیں۔ اتنے ہی لوگ دنیا کا کاروبار کرنے میں بھی مصرف ہیں۔ اس دنیا میں جہاں نظر اٹھائی جائے انسان ہی انسان پھیلے ہوئے ہیں۔ ہر روز کتنے ہی بچے اس دنیا میں آنکھ کھولتے ہیں اور کتنے ہی لوگ اس فانی دنیا سے کوچ کر جاتے ہیں پھر بھی دنیا کی آبادی میں اضافہ ہی ہوتا ہے کمی نہیں ہوتی۔

اسی طرح آسمان کی طرف دیکھیں۔ یہ خوبصورت نیلی چھت جو ہم سب کے سروں پر بغیر کسی ستون کے ٹھری ہوئی ہے۔ یہ بھی ہمارے رب کی قدرت کا مظہر ہے۔


Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یہ زمین اور اس پر موجود ہر شے ء، چوپائے، درندے، حیوان، پرندے، پہاڑ، دریا، سمندر اور اس میں موجود لاکھوں قسم کی مچھلیاں اور دوسری مخلوقات ان سب پر غور کریں۔ ہر چیز بے مثال ہے۔ ہر چیز اللہ سبحان و تعالیٰ کی قدرت کا نظارہ ہے۔

اتنی بڑی دنیا، اتنا وسیع آسمان اور اس قدر زائد مخلوقات کو دیکھ کر خیال آتا ہے کہ ان سب کو اللہ نے کتنی محبت سے تخلیق کیا ہے۔ جب پھول بنائے تو انہیں مختلف رنگوں سے سجا دیا۔ قسم قسم کے پھل بنائے۔ ہر ایک پھل کا ذائقہ دوسرے سے مختلف ہے۔ ہر ایک کے اپنے الگ فوائد ہیں۔ ہر ایک پھل دوسرے سے منفرد ہے۔

یہ پھل، پھول، پودے، حیوان غرض کہ عالم میں موجود یہ تمام اشیاء اور مخلوقات اللہ کی حمد و ثناء بیان کر رہی ہیں۔

سَبَّحَ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ۚ وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ (1) ترجمہ: "اللہ کی پاکی بولتا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں اور وہی عزت و حکمت والا ہے"




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

(سورۃ الحشر:1)



زمین و آسمان کی ہر چیز اللہ کے سجدہ کرتی ہے۔ اللہ کی ہی عبادت کرتی ہے۔ ہر ذرہ اللہ کی پاکی بیان کرنے میں مصروف ہے۔

اَلَمۡ تَرَ اَنَّ اللّٰہَ یَسۡجُدُ لَہٗ مَنۡ فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَنۡ فِی الۡاَرۡضِ وَ الشَّمۡسُ وَ الۡقَمَرُ وَ النُّجُوۡمُ وَ الۡجِبَالُ وَ الشَّجَرُ وَ الدَّوَآبُّ وَ کَثِیۡرٌ مِّنَ النَّاسِ ؕ-

ترجمہ: کیا تم نے نہ دیکھا کہ اللہ کے لئے سجدہ کرتے ہیں وہ جو آسمانوں اور زمین میں ہیں اور سورج اور چاند اور تارے اور پہاڑ اور درخت اور چوپائے اور بہت آدمی۔




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

توجب زمین و آسمان کی ہر چیز، سورج، چاند، ستارے ہر چیز اپنے رب تبارک وتعالی کے آگے سجدہ کرتے ہیں تو انسان اس کا زیادہ حقدار ہے کہ وہ اپنے رب کے حضور عاجزی سے سجدہ کرے. اپنے رب کی پاکی بیان کرے۔ اللہ نے ہر مخلوق کو انسان کے فائدے کے لئے پیدا کیا ہے۔ ہر شےء میں انسان کے لئے کوئی نا کوئی نفع رکھا ہے۔ تو انسان کو سب سے بڑھ کر اللہ کی عبادت کرنی چاہئے۔

ایک بات ذہن میں رکھیں کہ اگر زمین پر موجود سارے انسان صرف اللہ کی عبادت میں لگ جائیں تب بھی اللہ کی شان میں کسی چیز کا اضافہ نہیں کر سکتے اور اگر ساری مخلوق اس کی عبادت سے بے پرواہ ہو جائے تب بھی اس کی شان میں کوئی کمی نہیں آئے گی۔ اللہ بے نیاز ہے۔ اللہ انسان کی عبادت کا محتاج نہیں ہے۔ اللہ انسان پر کس قدر مہربان ہے لیکن پھر بھی انسان اپنے رب کا ناشکرا ہے۔

جس رب نے انسان کو پیدا کیا۔ اسے زندگی جیسی نعمت سے نوازہ۔ اس کے لئے دنیا سجائی۔ اس کے لئے اپنی مخلوقات میں نفع رکھا۔ انسان اسی کی نافرمانی کرتا ہے۔




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

(6)والنَّجمُ وَالشَّجَرُ یَسجُدٰنِ

ترجمہ: سبزے اور درخت سجدہ کرتے ہیں۔

جب یہ نباتات اور حیوانات سجدہ کرتے ہیں جو مکلف ہی نہیں۔ تو انسان پر زیادہ لازم ہے کہ وہ اپنے رب کا شکر بجالائے اور اس کی پاکی بیان کرتے ہوئی عبادت کرے۔

کتنے انسان آتے ہیں اور قیامت تک آتے رہیں گے۔ کتنے ہی انسان چلے گئے اور ایک دن سب فناہو جائیں گے۔ تو انسان کو یہ زندگی دینے کا اور یہ مہلت دینے کا کیا مقصد ہے؟

اللہ نے ارشاد فرمایا ہے۔

(56)وماخلقتُ الجِنَّ وَالِاُنسَ اِلَّالیَعبُدُونِ

ترجمہ: اور میں نے جِنّ اور آدمی اتنے ہی لئے بنائے کہ میری بندگی کریں۔




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جس رب نے زندگی دی اسی کی حمد و ثناء بیان کی جائے۔ اسی کی پاکی و عظمت بیان کی جائے۔ اسی کی عبادت کی جائے۔ اور عبادت کسے کہتے ہیں؟

بے شک ہر نماز چاہے فرض ہو یا نفل، عبادے ہے۔ ہر روزہ عبادت ہے۔ زکوۃ عبادت ہے۔ اللہ کی رضا کے لئے مال خرچ کرنا عبادت ہے۔ اللہ کی محبت میں اس کے کعبے کا طواف کرنا عبادت ہے۔ رزق حلال کمانا بھی عبادت ہے۔ قرآن پڑھنا بھی عبادت ہے۔ قرآن پڑھانا بھی عبادت ہے۔ علم دین سیکھنا اور سکھانا عبادت ہے۔ اللہ کے لئے عاجزی کرنا عبادت ہے۔ اللہ کے لئے دوسروں کو معاف کرنا عبادت ہے۔ اللہ کے لئے کسی کے ساتھ بھلائی کرنا بھی عبادت ہے۔ کسی کو نیکی کا حکم دینا اور کسی کو برائی سے منع کرنا عبادت ہے۔ گناہوں سے بچنا عبادت ہے۔ حرام کو چھوڑنا اور حلال کو اختیار کرنا عبادت ہے۔ ہر وہ کام جو اخلاص کے ساتھ اللہ کی رضا کے لئے، اللہ کی محبت میں کیا جائے وہ عبادت ہے۔




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"کچھ اصل نیکی یہ نہیں کہ منہ مشرق یا مغرب کی طرف کرو ہاں اصل نیکی یہ کہ ایمان لائے اللہ اور قیامت اور فرشتوں اور کتاب اور پیغمبروں پر اور اللہ کی محبت میں اپنا عزیز مال دے رشتہ داروں اور یتیموں اور مسکینوں اور راہ گیر اور سائلوں کو اور گردنیں چھوڑانے میں اور نماز قائم رکھے اور زکوٰۃ دے اور اپنا قول پورا کرنے والے جب عہد کریں اور صبر والے مصیبت اور سختی میں اور جہاد کے وقت یہی ہیں جنھوں نے اپنی بات سچی کی اور یہی پرہیز گار ہیں"

(سورۃالبقرہ:177)

اپنے اوپر رب کے احسانات کو یاد کریں۔ اپنے رب کی قدرت پر غوروفکر کریں۔ خود اپنی ذات میں غور کریں کہ آپ کچھ بھی نہ تھے سوائے پانی کے ایک قطرے کے۔ اس پاک پروردگار نے آپ کو ایک انسان بنایا۔ اپنے حبیب ﷺ کا دامن آپ کو عطا کیا۔ آپ کو رزق دیا۔ آپ کو مشکلات سے نکالا۔ آپ پر رحم کیا۔ آئیں اس رب العزت کی پاکی بیان کرتے ہوئے اس کا شکر بجالائیں۔



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Aansuon ki Dua | By Samreen Ahsen (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

امید ہے آپ کو یہ تحریر پسند آئی ہو گی اپنی قیمتی رائے سے ہمیں ضرور آگاہ

کیجئے

فی امان اللہ

اپنا خیال رکھیے اور ہمیں اپنی دعاؤں میں یاد رکھیے اللہ آپ کے لیے بھی خیر و

عافیت کا معاملہ فرمائے

آمین

کریزی فینز آف ناول پبلیشرز




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel